سوال

(226) بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے اس لیے کہ بھانجے کی لڑکی بنات الاخت میں داخل ہے اور بنات الاخت کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

حُرِّمَت عَلَيكُم أُمَّهٰتُكُم وَبَناتُكُم وَأَخَوٰتُكُم وَعَمّٰتُكُم وَخٰلٰتُكُم وَبَناتُ الأَخِ وَبَناتُ الأُختِ ۲۳ ... سورة النساء

(حرام کی گئیں تم پر تمھاری مائیں اور تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں) کتبہ : محمد عبداللہ (16/ربیع الثانی 1335ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 418

محدث فتویٰ